# 21-05-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ تلنگانہ کے چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ کابینی سب کمیٹی کی رپورٹ کی بنیاد پر ریاست میں مزدوروں کی کم ازکم اجرتوں میں اضافہ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

۲۔ سابق وزیراعظم راجیو گاندھی کو آج ان کی برسی کے موقع پر چیف منسٹر، ڈپٹی چیف منسٹر اور وزرأ نے خراج عقیدت پیش کیا۔

۳۔ وزیر ریلوے اشونی ویشنو اور وزیر کوئلہ و کانکنی کشن ریڈی نے کہا ہے کہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں مرکزی حکومت تلنگانہ میں ریلوے کی ترقی کیلئے تمام ضروری اقدامات کررہی ہے۔

۴۔ تلنگانہ میں گرمی کی شدت عروج پر پہنچ گئی ہے۔ تمام اضلاع کو آرینج الرٹ اور کھمم ، ورنگل اور نلگندہ اضلاع میں ریڈ الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

Chief Minister

تلنگانہ کے چیف منسٹر ریونت ریڈی نے آج کہا کہ کابینی سب کمیٹی کی رپورٹ کی بنیاد پر ریاست میں مزدوروں کی کم ازکم اجرتوں میں اضافہ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مزدوروں کو غیر ہنرمند، نیم ہنرمند، ہنرمند اور انتہائی ہنرمند کے زمروں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ اسی طرح اجرتوں کے تعین کے لئے ریاست کو تین زونز میں تقسیم کیا گیا ہے۔ چیف منسٹر کے مطابق زون 1 میں میونسپل کارپوریشنس ، زون 2 میں میونسپلٹیز اور زون 3 میں دیہی علاقہ شامل ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ ریاستی حکومت کے اس فیصلہ سے ایک کروڑ 11 لاکھ مزدوروں کو فائدہ ہوگا۔ ریونت ریڈی نے بتایا کہ زون 1 میں غیر ہندمند مزدوروں کی کم ازکم اجرت 16 ہزار روپے، نیم ہنرمند مزدوروں کی 17 ہزار روپے، ہنرمند مزدوروں کی 18 ہزار 500 روپے اور انتہائی ہنرمند مزدوروں کی تنخواہ 20 ہزار روپے مقرر کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ نئی اجرتیں یکم جون سے نافذالعمل ہوں گی۔

Desk

Rajiv Gandhi Death Anniversary – Revanth Reddy

سابق وزیراعظم راجیو گاندھی کی برسی کے موقع پر تلنگانہ کے چیف منسٹر ریونت ریڈی نے حیدرآباد کے ٹینک بنڈ پر واقع ان کے مجسمہ پر خراجِ عقیدت پیش کیا۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے چیف منسٹر نے کہا کہ راجیو گاندھی ایک عظیم دوراندیش رہنما تھے جنہوں نے ملک میں ٹیکنالوجی کو متعارف کرواکر ہندوستان کو عالمی سطح پر ایک منفرد شناخت دلائی۔انہوں نے کہا کہ سادہ معاشی اصلاحات کے ذریعہ ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کا سہرا بھی راجیو گاندھی کے سر جاتا ہے۔ریونت ریڈی نے یاددلایا کہ ملک میں خواتین کے لئے ریزرویشن پر عمل آوری کی بنیاد بھی راجیو گاندھی نے ہی رکھی تھی۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ راجیو گاندھی کے نظریات سے متاثر ہوکر قانون ساز اداروں میں خواتین کو ریزرویشن دیا جائے۔چیف منسٹر نے مرکزی حکومت سے اپیل کی کہ فوری طور پر پارلیمنٹ کا خصوصی اجلاس طلب کرکے خواتین کیلئے 33 فیصد ریزرویشن بل پیش کیا جائے۔انہوں نے واضح کیا کہ اس بل کی انڈیا اتحاد مکمل تائید کرے گا۔ Sound Byte - Revanth Reddy

Desk

Vakiti Srihari

ریاستی وزیر واکٹی سری ہری نے کہا ہے کہ سابق وزیراعظم راجیو گاندھی نے ملک کے مستقبل کو مدنظر رکھتے ہوئے انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبہ کے لئے مضبوط بنیاد رکھی۔انہوں نے راجیو گاندھی کی برسی کے موقع پر نارائن پیٹ ضلع کے مکھتل میں واقع کیمپ دفتر میں آنجہانی لیڈر کی تصویر پر پھولوں کی مالا چڑھا کر خراجِ عقیدت پیش کیا۔اس موقع پر واکٹی سری ہری نے کہا کہ جدید بھارت کی تعمیر میں راجیو گاندھی کی خدمات ہمیشہ یادرکھی جائیں گی۔انہوں نے کہا کہ کمپیوٹر انقلاب، ٹیلی کمیونیکیشن شعبہ کی ترقی اور پنچایتی راج نظام کو مضبوط بنانے جیسی اہم اصلاحات کے ذریعہ راجیو گاندھی نے ملک کو جدید دور کی جانب گامزن کیا اور تاریخ میں ایک منفرد مقام حاصل کیا۔

PTC, Mahabubnagar

## Saraswati Antya Pushkarams

مقدس سرسوتی انتیا پشکرالو کا آج آغاز عمل میں آیا۔ پشکرالو کے پہلے دن صبح 5 بج کر 43 منٹ پر مقدس تروینی سنگم میں پہلی پشکراشنان کی رسم ادا کی گئی۔ کانچی کاما کوٹی پیٹھ کے سربراہ وجیند رسرسوتی، آئی ٹی کے وزیر ڈی سری دھر بابو اوران کی اہلیہ، نیز انڈومنٹ کی وزیر کونڈا سریکھا نے مقدس اشنان کیا۔ دیگر معزز شخصیات میں انڈومنٹ محکمہ کے کمشنر ہنمنت راؤ، بھوپال پلی ضلع کے کلکٹر راہول شرما، مذہبی مشیر گووند ہری، ارکانِ اسمبلی گنڈ راستیا نارائن راؤ اور مل ریڈی رنگا ریڈی بھی شامل تھے۔

Desk

## Open Letter

ریاست میں پیدا ہونے والی فصلوں کی خریداری کے بحران پر بی آر ایس کے کارگزار صدر کے تارک راما راؤ نے چیف منسٹر ریونت ریڈی کو ایک کھلا خط لکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ دو ماہ سے خریداری مراکز پر کسان شدید مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں لیکن حکومت اس مسئلہ کو نظر انداز کر رہی ہے، جس پر انہوں نے سخت ناراضگی ظاہر کی۔ خط میں کہا گیا کہ فصل فروخت نہ کر پانے کے باعث کئی دنوں تک خریداری مراکز پر انتظار کرتے ہوئے تقریباً دس کسان اپنی جانیں گنوا چکے ہیں جو انتہائی افسوسناک ہے۔ انہوں نے افسوس ظاہر کیا کہ بے وقت بارشس سے فصلیں تباہ ہو رہی ہیں اور کسان بے بسی کی حالت میں ہیں۔ کے تارک راما راؤ نے مطالبہ کیا کہ اس ماہ کی 23 تاریخ کو ہونے والے کابینی اجلاس میں چیف منسٹر خریداری مراکز پر مکمل اناج خریدنے کا فیصلہ کریں۔

Desk

Greetings

مقدس سرسوتی انتیا پشکر مہوتسو کے موقع پر چیف منسٹر ریونت ریڈی نے عقیدت مندوں کو مبارکباد پیش کی ہے۔انہوں نے کہا کہ آج سے یکم جون تک جاری رہنے والے پشکر الو کے لئے حکومت نے تمام انتظامات مکمل کر لیے ہیں۔ انہوں نے حکام کو ہدایت دی کہ پشکرالو کے لئے آنے والے عقیدت مندوں کوکسی قسم کی دشواری نہ ہواور تمام سہولیات فراہم کی جائیں۔ریونت ریڈی نے کہا کہ شدید گرمی کے پیش نظر شکر الو اشنان کے لئے آنے والے عقیدت منداپنی صحت کا خیال رکھتے ہوئے ضروری احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔

Desk

Journalists' Welfare Fund

تلنگانہ میڈیا اکیڈمی کے چیرمین کے سرینواس ریڈی کی صدارت میں منعقدہ جرنلسٹس ویلفیر فنڈ کمیٹی کے اجلاس میں 21 افراد کو مالی امداد کی منظوری دی گئی۔ مجموعی طور پر موصول ہونے والی 29 درخواستوں کا جائزہ لینے کے بعد فیصلہ کیا گیا کہ 17 مرحوم صحافیوں کے اہلِ خانہ اور شدید بیماری یا حادثات کا شکار صحافیوں کو یہ امداد فراہم کی جائے گی۔مرحوم صحافیوں کے اہلِ خانہ کو ایک لاکھ روپے کی فوری امداد دی جائے گی جبکہ پانچ سال تک ماہانہ تین ہزار روپے پنشن بھی فراہم کی جائے گی۔اس کے علاوہ ان کے بچوں کی تعلیم کے لئے دو بچوں تک ماہانہ ایک ہزار روپے فی بچہ ٹیوشن فیس منظور کی گئی۔

Press Note

Sports Day

عوامی حکمرانی ترقیاتی منصوبہ کے تحت منعقد ہونے والے 'اسپورٹس اینڈ یوتھ ویک' کے سلسلہ میں آج ریاست بھر میں یومِ کھیل منایا گیا۔ ریاست کے 32 ضلعی مراکز میں ضلع کلکٹروں اور انتظامی مشینری کی نگرانی میں نوجوانوں اور اسپورٹس محکمہ کے زیر اہتمام مختلف کھیلوں کے مقابلہ منعقد کیے جا رہے ہیں۔ تلنگانہ اسپورٹس اتھارٹی کی مینیجنگ ڈائرکٹر ڈاکٹر اے سونی بالا دیوی نے ان مقابلوں کی خود نگرانی کی۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کے ساتھ ساتھ کھلاڑیوں، والدین اور معاشرے کے مختلف طبقات کی جانب سے ان پروگراموں کو بھرپور پذیرائی مل رہی ہے۔

Press Note

Singareni

ریاستی حکومت کی ہدایت کے مطابق سنگارینی ادارہ کے مندمری سولر پلانٹ میں نصب "بیٹری انرجی اسٹوریج سسٹم" کے خاطر خواہ نتائج برآمد ہو رہے ہیں۔ دن کے وقت بچ جانے والی شمسی توانائی کو مفت میں گرڈ کو دینے کے بجائے بیٹریوں میں محفوظ کیا جا رہا ہے اور ضرورت کے وقت دوبارہ استعمال کیا جا رہا ہے۔ تقریباً چار ماہ قبل 2 کروڑ 50 لاکھ روپے کی لاگت سے ایک میگاواٹ کا منصوبہ شروع کیا گیا تھا۔ اس ٹیکنالوجی کے ذریعہ گزشتہ چار ماہ میں 3 لاکھ 35 ہزار 485 یونٹس اضافی برقی ذخیرہ کر کے دوبارہ استعمال کی گئی جس سے سنگارینی کو 25 لاکھ 66 ہزار 460 روپے کا فائدہ حاصل ہوا۔

Press Note

Mallu Bhatti Vikramarka

ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکہ نے آج نئی دہلی میں ویر بھومی پر سابق وزیر اعظم راجیو گاندھی کو ان کی برسی کے موقع پر خراجِ عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے آنجہانی لیڈر کی سمادھی پر پھول چڑھا کر ان کی خدمات کو یاد کیا۔

Desk

Weather

تلنگانہ میں کئی مقامات پر درجہ حرات میں اضافہ ہوا ہے۔ تمام اضلاع کو آرینج الرٹ اور کھمم ، ورنگل اور نلگندہ اضلاع میں ریڈ الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ نرمل ضلع دلاور پور میں اعظم ترین درجہ حرارت 46.5 ڈگری سلسیس درج کیا گیا۔ 19 اضلاع میں اعظم ترین درجہ حرارت 46 ڈگری سے تجاوز کر گیا ہے۔ لُو لگنے سے 11 افراد کے فوت ہونے کی اطلاع ہے۔ عہدیداروں نے عوام کو مشورہ دیا ہے کہ وہ دوپہر کے وقت باہر نہ نکلیں۔

Desk

Mohammad Azharuddin

گدوال وجئے لکشمی نے آج تلنگانہ خواتین کمیشن کی صدرنشین کی حیثیت سے جائزہ حاصل کرلیا۔ اس پروگرام میں اقلیتی بہبود کے وزیر محمد اظہر الدین نے شرکت کی۔ کمیشن کی رکن کی حیثیت سے عظمیٰ شاکر نے بھی جائزہ حاصل کرلیا۔

Press Note

G. Kishan Reddy

وزیر ریلوے اشونی ویشنو اور وزیر کوئلہ و کانکنی کشن ریڈی نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں مرکزی حکومت تلنگانہ میں ریلوے کی ترقی کیلئے تمام ضروری اقدامات کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آنے والے دنوں میں ریلوے نٹ ورک میں توسیع کی جائے گی اور عوام کو تمام سہولتیں مہیا کی جائیں گی۔ دونوں وزرأ نے تلنگانہ میں ریلوے پروجکٹس کی پیشرفت، نئی پروجیکٹ اور الکٹری فکیشن کا جائزہ لیا۔ اس اجلاس میں تلنگانہ میں 42 ریلوے اسٹیشنوں کے ترقیاتی کاموں کا بھی جائزہ لیا گیا۔ دونوں وزرأ نے کہا کہ حیدرآباد میں ایم ایم ٹی ایس خدمات کو مزید بہتر بنایا جائیگا۔

Press Note

○○